Session 18th

Notice No. 1825

Received Dated 20/05/2021

Admitted Dated 25/05/2021

Department **Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 1825

منجانب: عنایت اللہ، سراج لدین اینڈ حمیرا خاتون اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ ضلع صوابی میں واقع گجو خان میڈیکل کالج میں (GKMC) میں 14 سینئر فیکلٹی ممبر ڈاکٹروں اور 6 نان ڈاکٹرز کی ایڈہاک بنیادوں پر تقرری اپریل 2018ء کو عمل میں لائی گئی تھی مذکورہ بھرتی ہونے والے اُمیدوار قبل ازیں صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں پہلے ہی مستقل آسامیوں پر تعینات تھے اور تقرری کے وقت سپیکر قومی اسمبلی جناب اسد قیصر صاحب نے انہیں اُن ہائیر پوسٹوں پر مستقل کرنے کی یقین دہانی بھی کرتے ہوئے مسلسل تیسری بار انھیں ایک سالہ کنٹریکٹ دیا گیا ہے۔ چونکہ گجو خان میڈیکل کالج صوابی میں اس وقت مستقل خالی آسامیاں موجود ہیں اور مذکورہ ملازمین ان پوسٹوں پر گزشتہ تین سالوں سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور خاص طور پر حالیہ عالمی وباء COVID19 میں بھی ان ملازمین نے مسلسل بھرپور خدمات سرانجام دیئے ہیں۔